# تفسیر جلالین

پارہ 11 الی 13

Meta AI

CS CamScanner

KANZUL MADARIS BOARD

درجہ رابعہ

1447 / 2025

جامعۃ المدینہ تلونڈی (قصور)

# سوالات تفسیر جلالین پارہ گیارہ الی تیرہ

رائٹر : محمد افضل مرتضائی

مدرس : استاذ محترم علامہ عاقب شجاع عطاری

ناظم جامعہ: علامہ رضوان مدنی صاحب

جامعۃ المدینہ فیضان امام اعظم تلونڈی قصور

احمد رضا عطاری

CamScanner

Date: __/__/20

# تفسیر جلالین

## سوالات :-

## پارہ گیارہ رکوع نمبر 01

محمد افضل عطاری

سوال 1 اِلٰی عٰلِمِ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اس عبارت کا ترجمہ کریں نیز اس عبارت میں کس ذات کا ذکر ہوا ہے ؟

سوال 2 منافقوں کا ٹھکانہ کونسا ہے ؟

سوال 3 اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے اندر دیہاتیوں کی دو قسمیں بیان کی ہیں وہ کونسی ہیں ؟

سوال 4 جب مسلمان غزوہ سے واپس آئیں گے تو منافق کس کوتاہی کی وجہ سے معذرت کریں گے ؟

سوال 5 "فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ" اللہ تعالیٰ نے کن سے اعراض کرنے کا فرمایا ؟

سوال 6 "فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یَرْضٰی عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِیْنَ" ترجمہ لکھیں ؟

سوال 7 "سَیُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِیْ رَحْمَتِهٖ" اس میں رحمت سے کیا مراد ہے ؟

سوال 8 کس غزوہ کی واپسی پر وہ عذر بیان کریں گے ؟

سوال 9 اللہ تعالیٰ منافقین کو کتنی مرتبہ عذاب دیگا نیز منافقین کو کیسا عذاب ہوگا ؟ رکوع (2)

گیارہ رکوع نمبر 02

سوال 10 اچھے عمل سے کیا مراد ہے اور دوسرا برا عمل اس سے کیا مراد ہے ؟

سوال 11 مہاجرین اور انصار جو سبقت لے جاتے ہیں۔ اس سے کیا مراد ہے ؟

Ahmad Raza AR

CamScanner

Date: __/__/20

سوال 12 توبہ کی اہم شرط بیان کریں؟

رکوع نمبر (3)

سوال 13 اللہ تعالیٰ نے مومنین کی جان اور مال کے بدلے میں کیا عطا فرمایا؟

سوال 14 اللہ کا وعدہ سچا ہے یہ کس کس کتاب میں فرمایا گیا ہے؟

سوال 15 اَلتَّائِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّائِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ؛ مذکورہ آیت کا ترجمہ کریں؟

سوال 16 مذکورہ آیت میں اَلسَّائِحُوْنَ سے کیا مراد ہے؟

سوال 17 "مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا" الخ اس آیت کا شانِ نزول بیان کریں؟

سوال 18 حضرت ابراہیم کا اپنے باپ کی مغفرت کی دعا کرنا کس لیے تھا؟

سوال 19 اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۗ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ترجمہ لکھیں؟

سوال 20 غزوہ تبوک کو جیش عسرہ کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال 21 "عَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۗ حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ" الخ اس آیت میں ثلاثہ سے کیا مراد ہے؟

سوال 22 يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ؛ بنزول معاصرہ؛ بغرض مفسر بیان کریں؟

رکوع نمبر (4)

سوال 23 اے ایمان والو اللہ سے ڈرو ڈرنے سے کیا مراد ہے؟

سوال 24 مسلمانوں میں سے ایک جماعت جہاد کے لیے پڑھنے نکلے اور باقی رہ جانے والوں کے بارے میں کیا کہا گیا؟

Date: __/__/20

سوال 25 اہل مدینہ میں سے جو لوگ حضور سے پیچھے رہے ان کے بارے میں کیا بیان کیا گیا ہے؟

سوال 26 یخشٰرون کو کیا مرتبہ ہے اور اس کا معنی کیا ہے؟
(رکوع نمبر 5)

سوال 27 جب اللہ تعالیٰ نے حضرت ھود علیہ السلام کو اپنی قوم کی طرف بھیجا تو آپ نے اپنی قوم کو کس چیز کی دعوت دی؟

سوال 28 حضرت ھود علیہ السلام کی قوم نے کہا تم ہمارے پاس کوئی دلیل لے کر نہیں آئے ہم صرف تمہارے کہنے پر کچھ کرنے والے نہیں ہیں؟

سوال 29 حضرت ھود علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا اپنے رب سے معافی مانگو پھر اس کی بارگاہ میں توبہ کرو اللہ تعالیٰ تم پر کیا بھیجے گا؟

سوال 30 حضرت ھود علیہ السلام نے کہا میں تبلیغ کر چکا ہوں جس کے ساتھ مجھے تمہاری طرف بھیجا گیا تھا اس کے بعد حضرت ھود علیہ السلام نے کیا کہا؟

سوال 31 اللہ تعالیٰ کا جب حکم آ گیا تو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کے ساتھ کن کو بچا لیا؟

سوال 32 حضرت ھود علیہ السلام کی قوم نے اللہ تعالیٰ کی کونسی نشانی کو جھٹلایا اور کن کی نافرمانی کی؟

سوال 33 حضرت ھود علیہ السلام کی قوم کو دنیا میں اور آخرت کے دن ان کے پیچھے لعنت لگا دی گئی کیوں؟

CamScanner

رکوع نمبر (6)

سوال 34 سورہ یونس کی کتنی آیات ہیں؟

سورہ یونس کی کتنی آیات اس کے علاوہ مکی سورت ہے؟ نیز اس کی کل کتنی آیات ہیں؟

سوال 35 اہل مکہ کو کس بات پر تعجب ہوا؟

سوال 36 اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو کتنے دنوں میں پیدا فرمایا؟

سوال 37 کافروں کو کیسا پانی دیا جائے گا؟ نیز انہیں کیسا عذاب ہوگا

سوال 38 چاند کتنے دن میں پورا ہوتا ہے اور کتنی منزلیں طے کرتا ہے؟

سوال 39 اللہ تعالیٰ کی آسمانی اور زمینی مخلوق تفسیر جلالین کی روشنی میں لکھیں؟

سوال 40 سورہ یونس کی آیت نمبر 07 میں کافروں کی [illegible] دو نشانیاں لکھیں؟

رکوع نمبر (7)

سوال 41 اللہ نے فرمایا جو ہم سے ملاقات کی امید نہیں رکھتے ان کو کیسا عذاب ہوگا؟

سوال 42 جب کافروں کو پریشانی نے چھوا تو اس نے کیا کیا؟

سوال 43 جب ان پر قرآن کی تلاوت کی جاتی ہے تو جو ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے وہ کیا کہتے ہیں؟

سوال 44 کفار بتوں کے بارے میں کیا کہتے تھے؟

سوال 45 وما کان اللہ الا امۃ واحدۃ تفسیر بیان کریں؟

Date: __/__/20

رکوع نمبر (8)

سوال: جب کافر کشتی میں بیٹھے اور آندھی آئی تو کیسے دعا کرنے لگے؟

سوال: اللہ تعالیٰ نے دنیاوی زندگی کو کس چیز کے ساتھ تشبیہ دی ہے؟

سوال: اللہ تعالیٰ کس چیز کی طرف بلاتا ہے؟

سوال: جن لوگوں نے شرک کیا ان کی کیا جزا ہوگی؟

سوال: قیامت کے دن بتوں اور ان کے شرکاء کے ساتھ کیا معاملہ ہوگا؟

سوال: کل نفس ما اسلفت وردوا الی اللہ مولٰھم الحق ترجمہ کریں؟

رکوع نمبر (۹)

سوال: فاسقوں پر رب تعالیٰ کے کونسے کلمات ثابت ہو چکے ہیں؟

سوال: قُل ھَل مِن یّرزُقُکُم اس میں ھم سے کون لوگ مراد ہیں؟

سوال: مشرکین کے اکثر لوگ کس وجہ سے اتباع ظن کرتے تھے؟

سوال: سورۃ یونس آیت نمبر 37 میں قرآن مجید کی جو صفات بیان ہوئی ہیں بیان کریں؟

سوال: لَا رَیْبَ فِیْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ اس آیت میں فیہ سے کیا مراد ہے؟

سوال: وَمِنْهُمْ مَّنْ یُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا یُؤْمِنُ بِهٖ اس آیت میں منھم سے کون سے لوگ مراد ہیں؟

سوال: کفار نے قرآن مجید کو کیوں جھٹلایا تحریر فرمائیں؟

Date: __/__/20__

رکوع نمبر (۱۰)

سوال جب کفار نے حضور کو جھٹلایا تو آپ نے ان سے کیا فرمایا؟

سوال اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ جو تمہاری طرف سے سنتے ہیں اس کی تفسیر مصنف نے کیا بیان فرمایا کہ کیا سنتے ہیں تحریر کریں؟

سوال وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں اس سے کیا مراد ہے کہ کس طرح ظلم کرتے ہیں؟

سوال تحقیق وہ لوگ خسارے میں ہیں گیارویں پارے کی ایت نمبر 45 کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال ہر امت کی طرف اللہ تعالیٰ نے بھیجا کس کو؟

سوال وان کذبوک یہ ایت کس ایت سے منسوخ ہے تحریر کریں؟

رکوع نمبر ۱۱

سوال قیامت کے دن کافروں کو ندامت ہوگی مصنف نے ندامت کے بارے میں کیا بیان کیا ہے کس چیز پر ندامت ہوگی؟

سوال اللہ تعالیٰ کا وعدہ حق ہے اس وعدے سے کیا مراد ہے؟

سوال تمہارے رب کی طرف سے آئی تمہاری طرف نصیحت مصنف نے نصیحت کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

سوال ان اللہ لذو فضل علی الناس فضل کے متعلق مصنف نے کیا بیان کیا ہے؟

سوال یعمرنے سے کیا مراد ہے مصنف نے اس کے بارے میں کیا کہا؟

سوال تم پر اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اس سے کیا مراد ہے؟

سوال یایھا الناس اے لوگو یہ کن لوگوں کو خطاب ہے؟

سوال زمین میں جو کچھ ہے اگر ہر ظالم جان اس کی مالک ہوتی تو وہ کیا کرتا؟

Date: __/__/20

## رکوع نمبر (12)

سوال: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: تیرا رب سے ذرہ برابر کوئی چیز چھپی نہیں
امام سیوطی نے اسکی تفسیر میں کیا لکھا ہے؟

سوال: لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اسکی تفسیر میں لکھی حدیث بیان کریں؟

سوال: اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے رات اور دن کو کیا بنایا؟

سوال: یہود اور النصاریٰ اللہ تعالیٰ کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

سوال: اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۭ بِهٰذَا ترجمہ کریں؟

## رکوع نمبر (13)

سوال: حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو کیا فرمایا؟

سوال: ~~حضر~~ جواب حضرت نوح پر ایمان لانے والوں پر اور نہ لانے والوں کے
ساتھ کیا معاملہ ہوا؟

سوال: حضرت نوح علیہ السلام جب اپنی قوم کی طرف معجزہ لے کر گئے تو قوم
نے کیا کیا؟

سوال: فرعون کی طرف کونسے انبیاء کو بھیجا گیا؟

سوال: حضرت موسیٰ کو کتنی نشانیوں کیسا تھ بھیجا؟

Date: __/__/20__

پارہ ۱۱ رکوع نمبر ۱۴

سوال حضرت موسیٰ علیہ السلام پر کتنے لوگ ایمان لے کر آئے تھے؟

سوال اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ فرعون حد سے بڑھنے والا تھا۔ تفسیر جلالین کی روشنی میں بتائیں کہ وہ کس طرح حد سے بڑھا؟

سوال اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ و ہارون علیہ السلام کو کس بات کی وحی فرمائی؟

سوال حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون اور اسکے ساتھیوں کے لیے کیا بددعا کی؟

سوال حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا کتنے سال بعد پوری ہوئی یا فرعون پر کتنے سال بعد عذاب آیا؟

سوال "فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا" اس آیت میں موجود بَغْيًا وَعَدْوًا نحوی اعتبار سے کیا بنے تھے؟

سوال جب فرعون ڈوبنے لگا اور کلمہ بار بار پڑھنے لگا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کیا کیا؟

سوال فرعون کو کیوں دریا سے باہر نکال دیا گیا؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی روایت لکھیں؟

Date: __/__/20__

سوال

رکوع نمبر (15)

سوال وَلَقَدْ بَوَّأْنَا بَنِیْ اِسْرَآءِیْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وہ عزت کی جگہ کونسی ہے؟

سوال اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ رب تعالیٰ کس بارے میں فیصلہ فرمائے گا؟

سوال فَاِنْ كُنْتَ فِیْ شَكٍّ مِّمَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ شک کو دور کرنے کے لیے رب تعالیٰ نے کیا فرمایا؟

سوال مشرکین کب تک ایمان نہیں لائیں گے؟ جب وہ ایمان لے آئیں گے تو تب انہیں اس کا نفع وغیرہ ہوگا یا نہیں؟

سوال جب حضرت یونس علیہ السلام کی قوم ایمان لے آئی تو ان کے ساتھ کیا معاملہ ہوا؟

سوال وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ کسی جان کو کس چیز کی قدرت نہیں ہے؟

سوال ایمان نہ لانے والوں کو کیا چیز فائدہ نہیں دیتی؟

سوال رب تعالیٰ نے رسولوں اور ایمان والوں کے لیے کیا فرمایا تحریر فرمائیں؟

رکوع نمبر (16)

سوال اعبد اللہ الذی یتوفکم میں اس اللہ کو پوجتا ہوں جو تمہیں وفات دیتا ہے یتوفکم کا معنی بیان کریں؟

سوال اللہ تعالیٰ نے حضور کو کس چیز سے منع فرمایا اور منع حضور کو فرمایا اس سے کونسی اور مراد ہے بیان کریں؟

سوال اگر کوئی بندہ ایمان لائے تو اس کا اللہ تعالیٰ کو کوئی فائدہ ہے یا نہیں، بیان کریں؟

سوال اللہ تعالیٰ نے حضور کو فرمایا صبر کرو مصنف نے صبر سے مراد کیا نیز بیان کیا؟

سوال یہاں تک کہ اللہ کا حکم آیا مصنف نے حکم کے بارے میں کیا فرمایا گیا کس بارے میں کیا حکم آنے بیان کریں؟

Date: __/__/20

# تفسیر جلالین

## پارہ 12 رکوع نمبر

~~سوال: سورۃ ہود کتنی آیات کے علاوہ مکی سورۃ ہے نیز~~

## رکوع نمبر (1)

سوال: اللہ پاک نے زمین و آسمان کو کتنے دنوں میں بنایا؟

سوال: زمین و آسمان کی پیدائش سے پہلے اللہ پاک کا عرش کس چیز پر تھا؟

سوال: مرنے کے بعد اٹھائے جانے کو کافر کیا کہتے ہیں؟

سوال: وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ "یہاں" دابۃ سے کیا مراد ہے تفسیر جلالین کی روشنی میں لکھیں؟

## رکوع نمبر (02)

سوال: انسان کس چیز سے ناامید ہو جاتے ہیں تفسیر جلالین کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سینہ کس وجہ سے تنگ ہوا

سوال: حضور نے کفار سے کس زبان کے بارے میں کہا تم میری طرح فصیح ہو؟

سوال: أَفَمَن كَانَ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ کی تفسیر میں امام سیوطی نے کیا فرمایا؟

سوال: وَيَقُولُ الْأَشْهَادُ کی تفسیر لکھیں؟

سوال: جو لوگ اللہ پاک کے راستے سے پھیرتے ہیں وہ کس راستے کو طلب کرتے ہیں؟

سوال: الاعمی والاصم یہ کس کی مثال ہے اور البصیر اور السمیع یہ کس کی مثال ہے؟

Date: __/__/2(0)__

رکوع نمبر (3)

سوال: جب حضرت نوح علیہ السلام نے جب اپنی قوم کو اسلام کی دعوت دی تو ان لوگوں نے کیا کیا؟

سوال: تفصیل حدیث کی دوسری قراءت بیان کریں؟

سوال: حضرت نوح علیہ السلام نے ان سے زیادہ جھگڑا کیا تو انہوں نے کیا کہا؟

سوال: مکہ کے لوگ قرآن کے بارے میں کیا کہتے تھے؟

رکوع نمبر 4

سوال: حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کی ہلاکت کے لیے کیا دعا کی؟

سوال: جب آپ نے اپنی قوم کی ہلاکت کی دعا کی تو رب تعالیٰ نے کیا فرمایا؟

سوال: جب حضرت نوح کشتی بنا رہے تھے تو کافر کیا کہتے ہیں؟

سوال: حضرت نوح کی قوم پر عذاب آنے کی کیا نشانی بیان کی گئی؟

سوال: اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح کو کشتی میں کیا کیا رکھنے کا حکم فرمایا

سوال: حضرت نوح کے گھروالوں میں کون کون فنا ہوا تھا؟

سوال: کشتی میں کتنے مرد اور کتنی عورتیں سوار تھی؟

سوال: حضرت نوح کی کشتی کہاں پر رکی اور وہ کہاں پر واقع ہے؟

سوال: حضرت نوح نے جب اپنے بیٹے کنعان کو کشتی میں بیٹھنے کی دعوت دی تو اس نے کیا کہا؟

رکوع نمبر 05

سوال: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت ھود علیہ السلام کو اپنی قوم کی طرف بھیجا تو آپ نے اپنی قوم کو کس چیز کی دعوت دی؟

سوال: حضرت ھود علیہ السلام کی قوم نے کیا تم ہمارے پاس کوئی دلیل لے کر آئے ہم صرف تمہارے کہنے پر کچھ کرنے والے نہیں ہیں؟

سوال: حضرت ھود علیہ السلام نے اپنی قوم سے کیا اپنے رب سے معافی مانگو پھر اس کی بارگاہ میں توبہ کرو اللہ تعالیٰ تم پر بھیجے گا؟

CS CamScanner

سوال: حضرت ھود علیہ السلام نے کہا اپنی ~~قوم سے~~ میں تبلیغ کر چکا ہوں جس کے بعد حضرت ھود علیہ السلام نے کیا کیا؟

سوال: اللہ تعالیٰ کا جب حکم آ گیا تو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے کن کو بچا لیا؟

رکوع نمبر (6)

سوال: قوم ثمود کی طرف کس نبی کو بھیجا گیا؟

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کی قوم نے جب آپ سے معجزہ طلب کیا تو آپ نے کون سا معجزہ پیش کیا؟

سوال: حضرت صالح علیہ السلام پر ایمان لانے والوں کی تعداد (جلالین کی روشنی میں) بیان کریں؟

سوال: فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا صَالِحًا وَّالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ (66)
آیت میں یومئذ کو کتنے طریقوں سے پڑھا گیا ہے؟

سوال: حضرت صالح علیہ السلام نے اپنی قوم کو کس چیز سے مغفرت طلب کرنے کو کہا؟

سوال: قوم ثمود اور اس کے آباؤ اجداد کس چیز کی پوجا کرتے تھے؟

رکوع نمبر (7)

سوال: جب حضرت ابراہیم سے خوف ختم ہو گیا تو ان کے پاس کون سی خوشخبری آئی

سوال: ~~حضرت لوط علیہ السلام نے فرشتوں کو جس بستی کے بارے~~

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کے پاس جب فرشتے آئے تو آپ کو کیسا محسوس ہوا؟

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرشتوں کو جس بستی کو ہلاک کا کہا اس میں کتنے مومن تھے؟

CamScanner

Date: __/__/20__

رکوع نمبر (8)

سوال حضرت شعیب علیہ سلام نے اپنی قوم کو کیا دعوت دی

سوال حضرت شعیب علیہ سلام نے اپنی قوم کو ناپ تول کرنے میں کیا دعوت دی

سوال حضرت شعیب علیہ سلام کو اپنی قوم کے بارے میں کیا خوف تھا

سوال حضرت شعیب علیہ سلام نے مدین والوں کو کن دو باتوں کا حکم دیا

سوال حضرت شعیب علیہ سلام نے اپنی قوم کو دعوت دی تو انھوں نے آگے سے کیا جواب دیا

سوال حضرت شعیب علیہ سلام نے اپنی قوم کو کس کس قوم سے ڈرایا

سوال قوم مدین کی طرف کس نبی کو بھیجا گیا؟

رکوع نمبر (9)

سوال وَ اِنَّ كُلًّا لَّمَّا دوسری قراءت میں لما کو کس طرح پڑھا گیا ہے؟

سوال اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ: اس کا شان نزول بیان کریں

سوال تو اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر تمہارے رب کی ایک بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی تو ان کا فیصلہ کر دیا جاتا اس میں رب تعالیٰ کی بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی اس سے کیا مراد ہے؟

سوال جو ظالموں کی طرف رجوع کرتے ہیں ان کے بارے میں کیا وعید بیان کی گئی ہے تفسیر جلالین کی روشنی میں بیان کریں

CamScanner

Date: ____________ Day: ____________

پارہ 12

رکوع نمبر 10

سوال حضرت موسیٰ علیہ السلام پر کونسی کتاب نازل ہوئی؟

سوال اللہ تعالیٰ نے کن کی طرف جھکنے سے منع فرمایا؟ اور کیوں!

سوال آیت نمبر 110 میں کس نبی کو تسلی دی گئی اور کس وجہ سے؟

سوال آپ کے رب کی ایک بات پہلے نہ ہو چکی ہوتی تو کبھی ان کا فیصلہ آجاتا مصنف نے اس سے کیا مراد لیا ہے؟

سوال واقم الصلوۃ طرفی النھار مصنف نے اس کی تفسیر میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟

سوال پانچ نمازیں پڑھنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے پارہ 12 ایت نمبر 114 کے تحت بیان کریں؟

سوال اللہ تعالیٰ کن سے جہنم کو بھر دے گا تفسیر جلالین کی روشنی میں بتائیں؟

پارہ 12 رکوع نمبر 11

سوال سورت یوسف کونسی سورۃ ہے اور اس کی آیات کتنی ہے؟

سوال اَحْسَنَ الْقَصَصِ کس ~~قصہ~~ قصے کو کہا گیا ہے؟

سوال اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ اس ایت میں لفظ تَعْقِلُوْنَ سے کون لوگ مراد ہیں؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے باپ کو کیا جواب بیان فرمایا؟

سوال حضرت یعقوب نے حضرت یوسف کو کس چیز سے منع فرمایا؟

سوال حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف کو بتایا اللہ پاک نہیں ایک علم عطا فرمائے گا اس علم سے کونسا علم مراد ہیں؟

CS CamScanner

Date:                Day:

پارہ 12 رکوع نمبر 12

سوال حضرت یوسف علیہ السلام آپ کتنے بھائی تھے اور آپ کے سگے بھائی کا کیا نام تھا؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص پر کس کا جھوٹا خون لگایا تھا؟

سوال جب حضرت یوسف کو کنویں میں پھینکا گیا تو آپ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی عشاء کے بعد کیوں روتے ہوئے آئے تھے وجہ تحریر فرمائیں؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی دونوں سگے بھائیوں سے کس وجہ سے حسد کرتے تھے؟

سوال یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے اپنے باپ کی محبت پانے کے لیے کیا تدبیر کی؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام قتل نہ کرنے کا مشورہ کس بھائی نے دیا؟

رکوع نمبر 13

سوال عزیز مصر نے حضرت یوسف کو کتنی قیمت میں خریدا؟

سوال زلیخا کو کہا اس کی عزت کرو اسے ہمیں نفع ہوگا اور تتخذہ ولدا اس کا ترجمہ کریں؟

سوال اور جب وہ الی کو پہنچے اس کی تفسیر میں مصنف نے آپ کی عمر مبارک کتنی تحریر فرمائی؟

سوال جب زلیخا نے دشنہ رازی کی تو حضرت یوسف نے کیا فرمایا؟

سوال حضرت یوسف کی پاکیزگی گواہی کس نے دی؟

سوال جب عزیز مصر دروازے کے پاس ملے تو زلیخا نے حضرت یوسف کے بارے میں کیا کہا اور کونسی سزا دینے کے بارے میں کہا؟

Date: ____________ Day: ____________

## رکوع نمبر ۱۴

سوال مصر کی عورتوں نے عزیز مصر کی عورت سے کیا کہا کیا؟

سوال جب عزیز مصر کی بیوی نے عورتوں کی باتیں سنی تو کیا کیا؟

سوال عورتوں نے حضرت یوسف کو دیکھا تو کیا کہا؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام نے زلیخا کی خواہش کا سنا تو اپنے رب سے کیا دعا کی؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام کو کس وجہ سے قید میں ڈالا گیا؟

## رکوع نمبر ۱۵

سوال حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ کتنے نوجوان قید ہوئے تھے اور وہ کیا کرتے تھے؟

سوال آپ علیہ السلام کے ساتھ قید ہونے والے نوجوانوں نے خواب میں کیا دیکھا؟

سوال حضرت یوسف نے ان قیدیوں کے خواب کی کیا تعبیر کی؟

سوال حضرت یوسف نے نجات پانے والے قیدی سے کیا کہا تھا؟

سوال نجات پانے والے قیدی سے کہنے کے بعد آپ کتنا عرصہ قید رہے؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام نے قیدیوں کو خواب بتانے سے پہلے کیا کہا؟

Date:
Day:

رکوع نمبر 16

سوال عزیز مصر کا اصل نام تحریر کریں جلالین کی روشنی میں؟

سوال مصر کا کے بادشاہ نے کیا خواب دیکھا (سورہ یوسف کی روشنی میں قلم بند کریں؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام قید میں کتنے عرصے رہے؟ جلالین کی روشنی میں تحریر کریں؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام نے جو خواب کی تعبیر بیان کی تفصیل سے بیان کریں؟

سوال بادشاہ مصر نے عورتوں سے یوسف کے بارے میں پوچھا تو عورتوں نے کس طرح آپ کی صداقت بیان کی؟

سوال جب بادشاہ نے درباریوں سے خواب کی تعبیر کا پوچھا تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

CamScanner

Date: / /20

AQAL

# تفسیر جلالین

## پارہ 13 رکوع نمبر 1

سوال نفس امارہ کسے کہتے ہیں؟

سوال بادشاہ نے حضرت یوسف کے بارے میں کیا کہا؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام نے قحط کے سات سالوں کے بارے میں کیا تجویز کی؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام نے زلیخا سے کب شادی کی اور کتنے بیٹے پیدا ہوئے؟

سوال قحط مصر کی زمینوں کے ساتھ ساتھ کونسی اور زمینوں کو پہنچا؟

## رکوع نمبر 02

سوال حضرت یوسف علیہ السلام کے کتنے بھائی آپ کے پاس آئے اور کس لیے آئے؟

سوال جب حضرت یوسف کے بھائی آپ کے پاس آئے تو آپ کے اور ان کے درمیان کیا مقالہ ہوا مکمل بیان کریں؟

سوال پہلی مرتبہ غلہ دینے کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کیا کہا؟

سوال وَقَالَ لِفِتْيَتِهِ کی دوسری قراءت بیان کریں؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے غلاموں سے کیا کہا؟

سوال جب حضرت یوسف کے بھائی اپنے باپ کے پاس گئے تو انہوں نے کیا کہا؟

سوال حضرت یعقوب علیہ السلام نے ان کے جواب میں کیا کہا؟

Date: __/__/20__

رکوع نمبر 03

سوال: جب حضرت یوسف کے بھائی جب آپ کے پاس دوبارہ غلہ لینے آئے تو آپ نے کیا کیا؟

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائی بنیامین کو اپنے پاس رکھنے کی کیا تدبیر کی؟

سوال: پیمانہ ڈھونڈنے والوں کا کیا انعام مقرر کیا گیا؟

سوال: آپ کے بھائیوں نے اپنے آپ کو بری سمجھتے ہوئے کیا کہا؟

سوال: اللہ تعالیٰ نے آپ کو تفتیش کرنے کے لیے کیا تدبیر کی؟

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی شریعت میں چوری کی کیا سزا تھی؟

سوال: جب بنیامین کے سامان سے پیمانہ نکلا تو آپ کے بھائیوں نے کیا کہا؟

سوال: جب حضرت یوسف کے بھائیوں نے کہا کہ آپ ہم میں سے کسی کو رکھ لے تو آپ نے کیا جواب دیا؟

رکوع نمبر 04

سوال: جب یوسف کے بھائیوں نے آپس میں مشورہ کیا تو سب سے بڑے بھائی نے کیا کہا؟

سوال: جب حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹے واپس آئے تو انہوں نے کیا کہا؟

سوال: حضرت یعقوب کی آنکھیں کس وجہ سے سفید ہو گئی؟

سوال: حضرت یعقوب نے اپنے بیٹوں کو اپنے بھائیوں کو ڈھونڈنے کے بارے میں کیا فرمایا؟

سوال: جب بنیامین کی گرفتاری کے بعد آپ کے بھائی آئے تو انہوں نے کیا کہا؟

CamScanner

Date: __/__/20

سوال: جب آپ کے بھائیوں کو پتا چلا کہ آپ یوسف ہیں تو حضرت یوسف نے کیا کیا؟

سوال: حضرت یوسف نے اپنے باپ کی آنکھوں کا علاج کیا کیا؟
(رکوع نمبر ۱ کی)

سوال: جب قافلہ مصر سے واپس نکلا تو حضرت ~~یوسف~~ یعقوب علیہ السلام نے کیا فرمایا؟

سوال: جب حضرت یوسف علیہ السلام کا خاندان آپ کے پاس مصر میں آیا تو آپ علیہ السلام نے کیا کیا؟

سوال: مصر سے کنعان مسافت کتنے دن کی ہے؟

سوال: مصر سے حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص یہودا ہی کیوں لایا؟

سوال: یعقوب نے اپنے بیٹوں کے بارے میں دعا کو کس وقت تک مؤخر کیا؟

سوال: حضرت یعقوب اور آپ کے بیٹوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کو سجدہ کس طرح کیا؟

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام مصر آنے کے بعد کتنی دیر زندہ رہے؟

سوال: حضرت یوسف اور یعقوب علیہ السلام میں جدائی کتنا عرصہ رہی؟

سوال: وفات سے پہلے حضرت یعقوب علیہ السلام نے کیا وصیت کی؟

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کی عمر مبارک کتنے برس ہوئی اور آپ کو دفن کہاں کیا گیا؟

CS CamScanner

Date: __/__/20__

رکوع نمبر (6)

سوال مشرکین کس طرح تلبیہ پڑھتے تھے؟

سوال حضرت یوسف علیہ السلام کے قصے میں کن کے لیے عبرت ہے؟

سوال أَوْ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اس آیت میں بَغْتَةً کا معنی کیا ہے؟

سوال رسول جب بھی نا امید ہوئے اور انہوں نے گمان کیا کہ انہیں جھٹلایا جائے گا تو کیا ہوا؟

رکوع نمبر (7)

سوال سورۃ رعد کونسی سورت ہے؟

سوال اور تمہارے رب نے تم پر قرآن نازل کیا الحق مصنف نے الحق کی تفسیر میں حق سے کیا مراد لیا ہے؟

سوال اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو کس طرح بلند فرمایا؟

سوال انگور، پھل رات اور دن ان سب میں نشانیاں کن کے لیے ہے؟

سوال حضور کو کفار کے کس قول پر تعجب تھا؟

سوال جن کفار نے دوبارہ اٹھنے کا انکار کیا ان کی کیا سزا اللہ نے بیان فرمائی؟

سوال کفار مذاق کے طور پر کس چیز کی جلد کرنا چاہتے تھے بیان فرمائی؟

سوال

## رکوع نمبر (8)

سوال: آدمی کے لیے اس کے آگے اور پیچھے بدل بدل کر باری باری آنے والے کون ہے جو اللہ کے حکم سے اس کی نگہبانی کرتے ہیں؟

سوال: اللہ تعالیٰ کے بارے جھگڑا کرنے والوں کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا گیا ہے؟

سوال: لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ اس سے کیا مراد ہے؟

سوال: جو مثال بیان فرمائی گئی کہ اندھا اور آنکھوں والا برابر ہو سکتے ہیں یہ کس کی مثال بیان فرمائی گئی ہیں؟

سوال: هُوَ الَّذِي يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَطَمَعًا وَيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ
اس آیت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں تفسیر جلالین کی روشنی میں؟

## رکوع نمبر (9)

سوال: وہ جو ایمان لائے اور اچھے عمل کیے ان کیلئے کیا خوشخبری ہے؟

سوال: دلوں کا سکون کس چیز میں ہے؟

سوال: طُوبیٰ سے کیا مراد ہے تفسیر جلالین کی روشنی میں لکھیں؟

سوال: وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ کا شان نزول لکھیں؟

سوال: کافروں سے جیسا کہا گیا رحمن کو سجدہ کرو تو وہ کیا کہتے تھے؟

## رکوع نمبر (10)

سوال: وَإِنْ كُلًّا لَمَّا " دوسری قراءت میں لَمَّا کو کس طرح پڑھا گیا ہے؟

سوال: إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ " اس کا شان نزول بیان کریں؟

سوال: اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر تمہارے رب کی ایک بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی تو ان کا فیصلہ کر دیا جاتا " اس میں رب کی بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی سے کیا مراد ہے؟

Date: __/__/20__

سوال: جو ظالموں کی طرف رجوع کرتے ہیں ان کے بارے میں اللہ نے کیا وعید بیان کی ہے تفسیر جلالین کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال: البتہ جن پر تمہارے رب نے رحم کیا اللہ نے انہیں اسی کے لیے پیدا فرمایا تھا اور تمہارے رب کی بات پوری ہو چکی" اس میں رب کی بات پوری ہو چکی سے کیا مراد ہے؟

CamScanner